پریس ریلیز

گوجرانوالہ 08اگست 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کے صدر شیخ فیصل ایوب نے سیکریٹری ماحولیات ڈاکٹر ساجد محمود سے کمشنر آفس میں ملاقات کی ۔ملاقات میں شہری میں ماحولیاتی آلودگی پر تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ اس موقع پر کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد شیرازی، تمام محکموں کے ہیڈز سمیت چیمبر کے سابق صدور اخلاق احمد بٹ، عمر اشرف مغل بھی موجود تھے۔

ڈاکٹر ساجد محمود سیکریٹری ماحولیات نے کہا کہ تمام محکموں کے سربراہان سے میٹنگ کا مقصد یہی ہے کہ آنیوالے دنوں میں سموک سے ماحولیاتی آلودگی پھیلنے کا خدشہ لہٰذا ایسے اقدامات کئے جائیں جس سے سموک نہ پھیلے اور ماحول بھی صاف ستھرا رہے۔اس کیلئے تمام محکمے اپنی اپنی سطح پر آگاہی مہم چلائیں۔صدر چیمبر شیخ فیصل ایوب نے کہا کہ ماحولیاتی آلودگی واقع ہی مسئلہ ہے اس کے متعلق جو اقدامات کئے جارہے ہیں اگر محکمہ چیمبر کو اعتماد میں لے تو باہمی مشاورت سے انڈسٹری بھی چلتی رہے گی اور روزگار بھی متاثر نہیں ہوگا۔نیز ایسی انڈسٹری جو ممنوعہ اشیاء جلا کر ماحول کو آلودہ کرنے کا سبب بن رہی ہے محکمہ انہیں SOP بنا کردے ۔اگر فیکٹری مالکان ممنوعہ مصنوعات کو جلانے میں ملوث ہیں تو فوری طور پر انہیں جلانا بند کریں اور محکمہ سے منظور شدہ معدنیات اور اپنے کارخانوں پر منظور کردہ بلندی کی چمنیاں لگا کر ماحول کو صاف بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔علاوہ ازیں اوپن برننگ ماحول کو خراب کرنے میں سب سے بڑی وجہ ہے جس کی اجازت کسی کاروباری حضرات کو نہیں دی جاسکتی۔انہوں نے سیکریٹری ماحولیات سے کہا کہ فوری طور پر انڈسٹری کو ایک SOP بنا کردیں وہ انڈسٹری کو فراہم کریں تاکہ فیکٹری مالکان کو ان SOP کے مطابق اپنے کاروبار چلانے پر پابند کیا جاسکے۔